# الفاظ کے جوڑ کی مشق

## جوڑ پڑھانے کا طریقہ

1. بچوں کو اُردُو کے حروفِ تہجّی اوران کی آدھی اشکال کا اعادہ کروائیں۔

2. کوئی سادہ لفظ بولیں، جیسے" پانی "اور بچّوں سے کہیے کہ اس لفظ میں سنائی دینے والی تمام آوازیں پہچاننے کی کوشش کریں۔
دو سے تین مرتبہ لفظ بولیں تا کہ بچّوں کو آوازیں پہچاننے میں آسانی ہو۔

3. بچّوں سے پوچھیں کہ یہ آوازیں کن حروف کی ہیں؟ بچوں کی مدد سے بورڈ پر لکھیں:"پ+ا+ن+ی"۔

4. بچوں کو بتائیں کہ ہم ان حروف کو مِلا کر لفظ بنانا سیکھیں گے۔لفظ بنانے کے لئے حروف کی آدھی اشکال استعمال کی جاتی ہیں۔

5. بچّوں کو بتائیں کہ جب مختلف حروف کو آپس میں جوڑا جاتا ہےتو بعض حروف کی آدھی شکلیں استعمال کی جاتی ہیں اور بعض حروف
ایسے ہی استعمال ہوتے ہیں کیونکہ اُن کی آدھی شکل نہیں ہوتی ،مثلاً:"ا،د،ڈ،ذ،ر،ڑ،ز،ژ،و"۔ان حروف کے بعد لفظ ٹوٹ جاتا ہے۔
مثال دے کر سمجھایئے، جیسے:

پ + ا + ن + ی ← پ + ا + ن + ی ← پا + نی ← پانی

6. بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی لفظ کا آخری حرف کبھی آدھی شکل میں استعمال نہیں ہوتا۔جیسے" پانی"میں/ی/کی آدھی شکل استعمال نہیں کی گئی۔

اب بچوں سے خالی جگہ میں لفظ ''پانی'' لکھنے کو کہیں۔

7. بورڈ پر بچّوں کو مثالوں کے ذریعے اعادہ کروایئے کہ الفاظ بنانے کے لیے حروف کو آپس میں جوڑا جاتا ہے تا کہ ان کی آوازیں مل کر ایک نیا لفظ بنا سکیں

توڑ سے جوڑ بنائیں۔

مثال:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پ | ا | ن | ی | پانی |

س ب ق

ع م ل

ن د ی

ش ا م

پھ و ل

م و س م

م ح ن ت

پ ا ن ی

پ س ن د

ب س ت ہ

س ب ز ی

ر و ٹ ی

ک ت ا ب

بھ ا ل و

م ہ ا ر ت

خ ر گ و ش

ک ہ ا ن ی

ل و م ڑ ی

ک ی ا ر ی

بھ ک ا ر ی

## Comprehension Practice تفہیمی عبارات کی مشق

### تفہیمی عبارات پڑھانے کا طریقہ

**حصّہ اوّل:** دی گئی عبارت طلبا کے ساتھ پڑھیں۔ مثلاً

ثناء بازار جاتی ہے۔وہ انڈے خریدتی ہے۔وہ انڈے کھاتی ہے اور دُودھ پیتی ہے۔

1. طلبا کی مدد سے دی گئی عبارت کا پہلا جملہ پڑھیں۔ مثلاً ثناء بازار جاتی ہے۔
2. طلبا کی فہم جانچنے کے لیے اُن سے مختلف سوال کریں مثلاً اِس جملے میں کس کا ذکر ہو رہا ہے؟ ثناء لڑکا ہے یا لڑکی؟ وہ کہاں جاتی ہے؟ وغیرہ۔
3. کچھ طلبا کے جوابات سُننے کے بعد، طلبا کو اِس جملے کا درست مفہوم بتائیں۔
4. عبارت کے تمام جملوں کے لیے اس عمل کو دہرائیں۔

**حصّہ دوم:** سوالات کے جوابات دینا۔

1. طلبا کو تمام سوالیہ الفاظ مثلاً کیا، کیوں، کیسے، کون، کہاں، کب وغیرہ کا اعادہ کروائیں۔
2. طلبا کے ساتھ مل کر سوال پڑھیں۔ مثلاً ثناء کہاں جاتی ہے؟
3. طلبا کو کہیں کہ وہ عبارت میں دی گئی معلومات کو سامنے رکھتے ہوئے بتائیں کہ ثناء کہاں جاتی ہے؟
4. طلبا کو کاپی میں اپنا جواب لکھنے کا کہیں۔
5. جب تمام طلبا اپنا جواب لکھ لیں، تو اُنھیں اس سوال کا درست جواب بتائیں۔
6. طلبا کو ان کا اپنا جواب چیک کرنے کا کہیں۔
7. تمام سوالات کے لیے اس عمل کو دہرائیں۔

عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات دیں۔

مثال

| |
|---|
| ثناء بازار جاتی ہے۔ وہ انڈے خریدتی ہے۔ وہ انڈے کھاتی ہے اور دُودھ پیتی ہے۔ |
| ثناء کہاں جاتی ہے؟ **بازار** |

| |
|---|
| رابعہ تیسری جماعت میں پڑھتی ہے۔ وہ روز سکول جاتی ہے۔ اسے کہانیاں پڑھنا پسند ہے۔ |
| رابعہ کہاں جاتی ہے؟ |
| رابعہ کو کیا پڑھنا پسند ہے؟ |
| رابعہ کون سی جماعت میں پڑھتی ہے؟ |

| |
|---|
| علی کے پاس ایک کار ہے۔ یہ اُس کے ماموں نے دی ہے۔ اس کا رنگ نیلا ہے۔ علی کو کار بہت پسند ہے۔ |
| علی کے پاس کیا ہے؟ |
| کار کا رنگ کیا ہے؟ |
| علی کو کار کس نے دی ہے؟ |

| |
|---|
| نادر اور نعمان دوست ہیں۔ وہ ایک ہی گاؤں میں رہتے ہیں۔ انہیں کرکٹ بہت پسند ہے۔ وہ روز شام کو کرکٹ کھیلتے ہیں۔ |
| نادر اور نعمان کو کیا پسند ہے؟ |
| نادر اور نعمان کہاں رہتے ہیں؟ |
| نادر اور نعمان کب کرکٹ کھیلتے ہیں؟ |

سویرا کے ابّو کسان ہیں۔ وہ گندم اور گنّا کاشت کرتے ہیں۔ سویرا اُن کے ساتھ کھیت کی سیر کرنے جاتی ہے۔ وہ وہاں اپنے ابّو کی مدد کرتی ہے۔

سویرا کے ابّو کیا ہیں؟

سویرا کس کے ساتھ سیر کرنے جاتی ہے؟

سویرا کے ابّو کون سی فصل کاشت کرتے ہیں؟

---

ماریہ نے سڑک پر ایک بلّی دیکھی۔ وہ چوہے کے پیچھے بھاگ رہی تھی۔ بلّی نے چوہے کے اوپر چھلانگ لگائی لیکن چوہا بل میں گھُس گیا۔

بلی کس کے پیچھے بھاگ رہے تھی؟

ماریہ نے بلّی کہاں دیکھی؟

چوہا کہاں گھُس گیا؟

---

شیر جنگل میں رہتا ہے۔ وہ دُوسرے جانوروں کے ساتھ مل کر کھیلتا ہے۔ سب جانور شیر کو پسند کرتے ہیں اور وہ ہنسی خوشی رہتے ہیں۔

شیر کہاں رہتا ہے؟

سب جانور کسے پسند کرتے ہیں؟

شیر کس کے ساتھ کھیلتا ہے؟

---

سر حسن ہمارے استاد ہیں۔ وہ ہمیں ریاضی پڑھاتے ہیں۔ انھوں نے آج ہمیں تفریق کے سوالات سکھائے۔

آج ہم نے کون سے سوالات سیکھے؟

سر حسن کون ہیں؟

سر حسن کیا پڑھاتے ہیں؟

---

پاکستان ہمارا ملک ہے۔ پاکستان کے چار صوبے ہیں۔ پاکستان میں پانچ دریا بہتے ہیں۔ پاکستان ہمیں بہت پیارا ہے۔

ہمارے ملک کا کیا نام ہے؟

پاکستان کے کتنے صوبے ہیں؟

پاکستان میں کتنے دریا ہیں؟

کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ یہ صوبہ سندھ میں واقع ہے۔ کراچی پاکستان کا پُرانا دارالحکومت ہے۔

پاکستان کے پُرانا دارالحکومت کا کیا نام ہے؟

پاکستان کا سب سے بڑا شہر کون سا ہے؟

کراچی کس صوبہ میں واقع ہے؟

آمنہ گاؤں میں رہتی ہے۔اس کے گاؤں کا نام دُنیا پور ہے۔اس کے گاؤں میں ایک ندی ہے۔ندی میں ایک پیاری مچھلی رہتی ہے۔

آمنہ کہاں رہتی ہے؟

ندی میں کون رہتا ہے؟

آمنہ کے گاؤں کا کیا نام ہے؟

ارشد کے ابّو دُودھ کا کاروبار کرتے ہیں۔اُن کے پاس دو بھینس اور ایک گائے ہے۔وہ روز دُودھ بیچنے شہر جاتے ہیں۔ارشد بھی اپنے ابّو کی مدد کرتا ہے۔

ارشد کے ابّو کے پاس کیا ہے؟

ارشد کے ابّو کیا کاروبار کرتے ہیں؟

ارشد کے ابّو دودھ بیچنے کہاں جاتے ہیں؟

عالیہ کو کہانیاں پڑھنے کا شوق ہے۔وہ سکول کا کام ختم کرنے کے بعد کہانیاں پڑھتی ہے۔وہ بڑی ہو کر کہانیاں لکھنا چاہتی ہے۔ اس کی پسندیدہ کہانی ”الف لیلہ“ ہے۔

عالیہ بڑی ہو کر کیا کرنا چاہتی ہے؟

عالیہ کی پسندیدہ کہانی کون سی ہے؟

عالیہ کو کیا شوق ہے؟

عامر کے پاس ایک کتّا ہے۔اس کا نام فلی ہے۔عامر روز فلی کے ساتھ پارک میں جاتا ہے۔وہ وہاں خوب کھیلتے ہیں۔

عامر کے پاس کیا ہے؟

عامر کے کُتّے کا کیا نام ہے؟

عامر اور فلی کہاں جاتے ہیں؟

پرانے وقتوں میں علیم نام کا ایک لکڑہارا رہتا تھا۔ وہ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر بیچتا تھا۔ وہ بہت محنتی تھا۔ ایک دِن اس کی کلہاڑی گُم گئی۔

لکڑہارا کہاں سے لکڑیاں کاٹتا تھا؟

لکڑہارے کا کیا نام تھا؟

لکڑہارے کی کیا چیز گُم گئی؟

احمد آٹھویں جماعت میں پڑھتا ہے۔ اس کا پسندیدہ مضمون اُردو ہے۔ وہ ہر روز سکول کا کام وقت پر کرتا ہے۔ تمام اساتذہ اسے پسند کرتے ہیں۔

احمد کا پسندیدہ مضمون کون سا ہے؟

احمد روز کیا کرتا ہے؟

احمد کون سی جماعت میں پڑھتا ہے؟

کشمیر بہت خوب صورت جگہ ہے۔ کشمیر کو دُنیا کی جنت کہا جاتا ہے۔ ہم اگلی چھٹیوں میں کشمیر جائیں گے۔

کشمیر کو دُنیا کی کیا کہا جاتا ہے؟

کشمیر کیسی جگہ ہے؟

ہم کب کشمیر جائیں گے؟

علامہ اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں۔ وہ سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ اُنہوں نے بچّوں کے لیے بھی نظمیں لکھیں۔

علامہ اقبال نے بچوں کے لیے کیا لکھا؟

ہمارے قومی شاعر کون ہیں؟

علامہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

اگست کے مہینے کا پہلا دن تھا۔ ہلکی ہلکی بارش ہو رہی تھی۔ بچے کھیلنے کے لیے گلی میں نکل آئے تھے۔

کون سا مہینہ تھا؟

کیسی بارش ہو رہی تھی؟

بچے کھیلنے کے لیے کہاں آئے؟

آج ملائکہ بہت خوش ہے۔ اُس نے جماعت میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ دادا جان اور دادی جان نے ملائکہ کو قلم کا تحفہ دیا ہے۔

ملائکہ کو تحفے میں کیا ملا؟

قلم کس نے دیا تھا؟

ملائکہ نے کون سی پوزیشن حاصل کی؟

دانیال نے ایک طوطا پال رکھا ہے۔ سب اُسے مٹّھو کہتے ہیں۔ وہ میٹھی میٹھی باتیں کرتا ہے۔

طوطے کا کیا نام ہے؟

طوطا کیسی باتیں کرتا ہے؟

دانیال نے کیا پال رکھا ہے؟